**04.02.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... ماجد علی

-----------------------------

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی، صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر آج شام لوک سبھا میں بحث کا جواب دیں گے۔

☆ کُل 70 ارکان پر مشتمل دِلی اسمبلی کے انتخابات خوش اسلوبی کے ساتھ کرانے کیلئے سبھی انتظامات کر لئے گئے ہیں۔

☆ چین نے امریکی سامان پر جوابی محصول عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔

☆ بھارت نے 2025 کیلئے اقوامِ متحدہ کے بجٹ کے واسطے تین کروڑ 76 لاکھ 40 ہزار ڈالر دستیاب کرائے ہیں۔ بھارت بقایاجات کی بروقت ادائیگی کرنے والے چنندہ ملکوں کی فہرست میں شامل ہوگیا ہے۔

☆ اور ٹینس میں بھارت کی انکیتا رینا ممبئی اوپن میں خواتین سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**LS Motion Of Thanks**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدرجمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر لوک سبھا میں بحث آج دوسرے دن بھی جاری ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی آج شام لوک سبھا میں بحث کا جواب دیں گے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بتایا ہے کہ امید ہے کہ وزیراعظم شام پانچ بجے ایوان میں بحث کا جواب دیں گے۔ جناب رجیجو نے اپوزیشن کے لیڈر اور کانگریس کے رہنما راہل گاندھی کو یہ کہتے ہوئے تنقید کا نشانہ بنایا کہ وہ درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبیلوں اور دیگر پسماندہ طبقوں کی بات تو کرتے ہیں، لیکن اُنہیں OBC برادری کا سب سے بڑا چہرہ نظر نہیں آتا، جو کہ خود وزیراعظم نریندر مودی ہیں۔

**1400-Kiran Rijiju On Rahul Gandhi**

بحث میں حصہ لیتے ہوئے سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے کہاکہ ملک اپنی وسیع صلاحیت اور وسائل ہونے کے باوجود موجودہ سرکار کے دور میں مینوفیکچرنگ کی حقیقی صلاحیت کو بروئے کار نہیں لاسکا ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ ملک میں جدید طرز کا بنیادی ڈھانچہ تعمیر کرنے کے دعوؤں کے باوجود موجودہ سرکار عوام کی امیدوں پر پورا اُترنے میں مبینہ طور پر ناکام رہی ہے۔
سماجوادی پارٹی کے لیڈر نے مہاکمبھ کے واقعے کا معاملہ بھی اُٹھایا اور اترپردیش سرکار پر پریاگ راج میں لوگوں کی بھیڑ کی صورتحال سے نمٹنے میں کوتاہی برتنے کا الزام لگایا۔×

**Par Question Zero Hour**

سرکار نے کہا ہے کہ نریندر مودی کی زیرقیادت سرکار کسانوں کی آمدنی بڑھانے کی پابند ہے۔ آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ سال **2019** کے بعد سے سرکار نے پیداوار پر آنے والی لاگت سے اوپر **50** فیصد کے منافع کے ساتھ کم از کم امدادی قیمت **MSP** کی شرحیں مقرر کررکھی ہیں۔ وزیرموصوف نے کہا کہ یہ بڑے اطمینان کی بات ہے کہ بھارت ناریل کی پیداوار کے شعبے میں دنیا میں نمبر ایک ملک بن گیا ہے۔

**1400-Shivraj Singh Chouhan**

اِدھر راجیہ سبھا میں ڈپٹی چیئرمین ہری وَنش نے کچھ اپوزیشن ارکان کی پیش کردہ تحریک التوا مسترد کردی، جس میں مہاکمبھ واقعے پر بحث کا مطالبہ کیا گیا تھا۔×

**RS Motion Of Thanks**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے سلسلے میں آج راجیہ سبھا میں بھی بحث دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے **BJP** کے سرکردہ لیڈر بنسی لال گوجر نے کہا کہ بھارت وزیراعظم نریندر مودی کی زیرقیادت سرکار کے دور میں ترقی اور خوشحالی کے راستے پر تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ پچھلے دس سال سے سرکار نے جس انداز سے کام کیا ہے، اُس سے مقررہ وقت کے اندر وِکست بھارت کا مقصد حاصل کرلیا جائے گا۔ بحث ابھی جاری ہے۔×

**Delhi Polls**

**70** رکنی دلّی اسمبلی انتخابات کی کل ہونے والی ووٹنگ کو خوش اسلوبی سے منعقد کرانے کیلئے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ پولنگ، جو کل صبح سات بجے شروع ہوگی، شام چھ بجے تک جاری رہے گی۔

ایک کروڑ **56** لاکھ سے زیادہ ووٹرس **699** امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ اس سے پہلے چناؤ مہم کل شام ختم ہوگئی۔ ووٹوں کی گنتی ہفتے کے روز ہوگی۔

انتخابی کمیشن نے دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے ایک لاکھ **80** ہزار سے زیادہ حفاظتی اہلکاروں کو تعینات کیا ہے۔

دلّی میٹرو ووٹنگ والے دن اور اُس دن، جس دن گنتی ہوگی، عملے کی آسانی کیلئے اپنی خدمات سبھی لائنوں پر صبح چار بجے شروع کرے گی۔ صبح چھ بجے تک سبھی لائنوں پر **30** منٹ کے فاصلے سے ٹرین چلیں گی، جس کے بعد یہ خدمات اپنے مقررہ فاصلے سے چلائی جائیں گی۔ **x**

**ECI AAP**

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ دِلی اسمبلی انتخابات کے دوران اُس کی شبیہ کو خراب کرنے کیلئے بار بار دانستہ طور پر دباؤ کے ہتھکنڈے اپنائے جارہے ہیں۔ کمیشن نے کہا ہے کہ تین ارکان پر مشتمل چناؤ کمیشن نے اجتماعی طور پر یہ مشاہدہ کیا ہے کہ جان بوجھ کر دباؤ کے حربے اِس طرح استعمال کئے جارہے ہیں کہ جیسے چناؤ کمیشن واحد رکنی ادارہ ہو۔

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار پر عام آدمی پارٹی کے رہنماؤں کی بار بار کی تنقید کے تناظر میں کمیشن کا یہ بیان سامنے آیا ہے۔

سوشل میڈیا پوسٹ پر انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ اُس نے آئینی اعتبار سے ضبط وتحمل سے کام لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ دِلی اسمبلی انتخابات میں سیاسی پارٹیوں اور امیدواروں نے جو بھی معاملات اُٹھائے ہیں، اُن پر ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ اہلکاروں نے کارروائی کی ہے۔x

**Amit Shah - J&K Meeting**

وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلّی میں جموں و کشمیر کی سیکیورٹی سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اس میٹنگ میں دیگر سینئر عہدیداران کے ساتھ ساتھ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، داخلہ سکریٹری گووِند موہن اور **IB** اور **RAW** جیسی مرکزی ایجنسیوں کے سربراہان کی شرکت متوقع ہے۔

اِس طرح کی جائزہ میٹنگ **19** دسمبر **2024** کو منعقد کی گئی تھی، جس میں جناب شاہ نے سبھی سیکیورٹی ایجنسیوں کو ہدایت دی تھی کہ وہ جموں و کشمیر میں دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے تال میل کے ساتھ کام جاری رکھیں۔

اِس دوران کل جنوبی کشمیر کے کُلگام ضلعے میں ایک دہشت گردانہ حملے میں ایک ریٹائرڈ فوجی کی موت ہوگئی۔**x**

**RS - Power**

حکومت نے کہا ہے کہ وہ **2031-32** تک بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت **874** گیگاواٹ تک بڑھانے کا منصوبہ بنارہی ہے۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں توانائی کے وزیرمملکت شری پد نائک نے بتایا کہ بجلی پیدا کرنے کی موجودہ صلاحیت **462** گیگاواٹ ہے اور ملک میں خاطرخواہ بجلی مہیا کرائی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت نے اپریل **2014** سے بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں **230** گیگاواٹ کا اضافہ کرکے بجلی کی کمی جیسے اہم معاملے کوحل کیا ہے اور اِس سے ملک بجلی کی کمی والے ملک سے بجلی کی ضروریات پوری کرنے والا ملک بن گیا ہے۔ **x**

**Jaishankar - Delhi**

وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے آج چنندہ دہشت گردی پر تنقید اور پوری دنیا میں بڑے تنازعات پر توجہ دلائی۔ نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ پوری دنیا ، اِس وقت دو بڑے تنازعات کا سامنا کررہی ہے، جو اصولوں کی بات بناکر پیش کئے جاتے ہیں لیکن اِن اصولوں کو چنے ہوئے طریقے سے عائد کیا جاتا ہے۔

**SB - 1400 Jai Shankar**

بھارت - یوروپی یونین تعلقات کے بارے میں بات کرتے ہوئے، ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ ایک غیر یقینی اور غیرمتوازن دنیا میں ، بھارت - یوروپی یونین تعلقات توازن پیدا کرنے کیلئے اہم ہوسکتے ہیں۔ **x**

**Trump Tariff Delay**

چین نے امریکہ کی اشیاء پر جوابی محصول عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ چین کی اشیاء پر امریکہ کی حکومت کی طرف سے عائد کردہ اضافی محصول کے جواب میں چین نے یہ قدم اٹھایا ہے۔ چین کی کامرس کی وزارت کے ذریعے اعلان کردہ اقدامات میں امریکہ سے درآمد ہونے والے کوئلہ اور رقیق قدرتی گیس پر **15** فیصد ٹیکس شامل ہے۔ خام تیل ، زراعت میں استعمال ہونے والی مشینوں ، **Pickup** ٹرکس اور بڑے انجن والی کاروں پر **10** فیصد محصول عائد کیا جائے گا۔ اِس کے علاوہ، چین نے امریکہ کی بڑی کمپنی گوگل پر تحقیقات شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔

اِس سے قبل امریکہ کے صدر نے کناڈا اور میکسیکو کی طرف سے سرحد پر سکیورٹی بڑھانے سے متعلق تصدیق کے بعد، اِن دونوں ممالک پر محصولات عائد کرنے میں ایک مہینے کی تاخیر کا اعلان کیا تھا۔ x

**India UN Contribution**

بھارت نے اِس سال کیلئے اقوامِ متحدہ کے باضابطہ بجٹ کیلئے تین کروڑ 76 لاکھ 40 ہزار ڈالر دستیاب کرائے ہیں۔ اِس طرح بھارت اُن 35 ممبر ملکوں میں شامل ہے، جو اپنے بقایاجات کی بروقت اور پوری ادائیگی کرتے ہیں۔
اقوامِ متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio Guterres کے ترجمان نے روزانہ کی پریس بریفنگ کے دوران بھارت کے بروقت تعاون کو تسلیم کیا۔ بھارت نے اقوامِ متحدہ کے تئیں اپنی مالی ذمے داری بروقت اور مکمل طور پر پوری کرنے کی اپنی ساکھ برقرار رکھی ہے۔
بھارت کے اِس عہد سے اقوام متحدہ کی رکنیت کی ذمے داریوں اور اصولوں کے تئیں اُس کے پختہ عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔
اُدھر اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر Philemon Yang نے بھی ایک حالیہ انٹرویو میں بھارت کی ساکھ اور بھروسے کی ستائش کی ہے اور کہا ہے کہ بھارت بروقت اور پوری طرح اپنے بقایاجات ادا کرکے اقوامِ متحدہ کے ایک ممبر ملک کے طور پر اپنی ذمے داری پوری کرتا رہا ہے۔
اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر آج سے بھارت کا دورہ بھی کررہے ہیں۔ وہ اِس مہینے کی 8 تاریخ تک بھارت میں رہیں گے۔x

**Mahakumbh - King of Bhutan**

اب کچھ خبریں مہاکنبھ سے ....

**Opening Montage**

بھوٹان کے شاہ جِگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک نے آج پریاگ راج کے تریوینی سنگم میں پوِتر ڈُبکی لگائی۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی اُن کے ہمراہ تھے ۔
ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ تریوینی سنگم پر ملک اور بیرونِ ملک کے کروڑوں عقیدتمند مہاکنبھ میں پوِتر ڈُبکی لگا رہے ہیں۔ بھوٹان کے شاہ آج صبح پریاگ راج پہنچے اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے ہمراہ تریوینی سنگم پر آرتی کی۔ بھوٹان کے شاہ Akshayvat اور بڑے ہنومان مندر بھی گئے۔ انہوں نے ڈیجیٹل مہاکنبھ سے متعلق مشاہدہ مرکز میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مہاکنبھ کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ x

**Tennis Mumbai Open**

ممبئی اوپن ٹینس میں بھارت کی انکیتا رینا خواتین سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ اب کل اُن کا مقابلہ کناڈا کی Rebecca Marino سے ہوگا۔x

**Singapore SMASH Table Tennis**

ٹیبل ٹینس میں بھارت کے Manush Shah اور Diya Chitale آج شام سنگاپور میں WTT سنگاپور Smash میں کھیلیں گے۔ مکسڈ ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں بھارتی جوڑی کا سامنا Marcos Madrid اور Arantxa Cossio

کی میکسیکو کی جوڑی سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔×

**ISL- Football**

انڈین سُپر لیگ فٹبال میں اڈیشہ **FC** نے نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ **FC** کے خلاف کھیلے گئے میچ کو دو-دو کی برابری پر ختم کیا۔ یہ میچ کل شام اڈیشہ کے کلنگا اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔
کل **FC** موہن باگان کا مقابلہ پنجاب **FC** سے ہوگا۔ یہ میچ کل شام ساڑھے سات بجے کولکاتا کے سالٹ لیک اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ ×

**Trump - Netanyahu Meet**

امریکہ میں، صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور بن یامن نیتن یاہو کے درمیان واشنگٹن میں آج ایک ملاقات ہوگی۔ اِس میٹنگ میں اسرائیل اور حماس کے درمیان حساس معاہدے کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اِس معاہدے کے تحت کچھ یرغمالیوں کی رہائی ہوئی ہے۔ دونوں لیڈران اہم اسرائیل - سعودی عرب تعلقات اور ایران کے نیوکلیائی پروگرام کے بارے میں بھی بات کریں گے۔
ملک میں نیتن یاہو پر شدت پسند اتحادیوں کی طرف سے اِس بات کیلئے دباؤ ہے کہ وہ جنگ بندی کو ختم کرکے غزہ میں فوجی کارروائی پھر سے شروع کریں، جبکہ کافی اسرائیلیوں کی یہ مانگ ہے کہ یرغمالیوں کو رہا کرایا جائے اور **15** مہینے سے جاری تنازعے کو ختم کیا جائے۔
نومبر میں بین الاقوامی فوجداری عدالت کے ذریعے نیتن یاہو کے خلاف گرفتاری وارنٹ جاری کئے جانے کے بعد، اُن کا یہ اسرائیل سے باہر پہلا دورہ ہے۔ اسرائیل کے سابق وزیر دفاع اور حماس کے فوجی چیف نے، اُن پر غزہ جنگ کے دوران انسانیت سوز جرائم کرنے کا الزام لگایا ہے۔ نیتن یاہو کی حکومت معاہدے کے بارے میں بٹی ہوئی ہے۔ اتحادی **Bezalel Smotrich** نے جنگ پھر سے شروع نہ کرنے کی صورت میں حکومت گرانے کی دھمکی دی ہے۔ اُدھر حماس نے مزید یرغمالیوں کو رہا کرنے کیلئے جنگ بند کرنے اور غزہ سے اسرائیل کے انخلاء کا مطالبہ کیا ہے۔ **x**

**Belgium New PM**

بلجیم میں **Bart De Wever** نے ملک کے نئے وزیراعظم کی حیثیت سے حلف لیا ہے۔ حلف برداری کی تقریب کل شاہی محل میں بلجیم کے شاہ فلپ کی موجودگی میں منعقد کی گئی۔
نئی حکومت کے ایجنڈے میں بجٹ اصلاحات، سخت مائیگریشن پالیسیوں اور معیشت کے ڈھانچے کو نئے سرے سے تشکیل دینے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ البتہ صنفی مساوات کے تعلق سے تشویش کا اظہار کیا جارہا ہے، کیونکہ **15** رُکنی کابینہ میں محض تین خواتین کو ہی شامل کیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ سرکار کو بلجیم کی لسانی اور سیاسی خلیج کو پُر کرنے کے چیلنج کا بھی سامنا ہے۔×

**PM-Wever Belgium**

وزیراعظم نریندر مودی نے بلجیم کے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے پر **Bart De Wever** کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے بھارت-بلجیم تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور عالمی معاملات پر تعاون کو وسعت دینے کیلئے مل کر کام کرنے کیلئے اعتماد کا اظہار کیا۔×

☆☆☆